# دی پیراگون سکول اینڈ کالج آف سائنسز

**معلوماتی نوٹس نمبر: 01**

**تاریخ:۔2 جولائی 2021** **سیشن 2020-21**

**والدین کے لئے ضروری ہدایات:**

1۔ بچے کے درست کوائف اردو اور انگلش دونوں میں (نام طالبعلم، والد کا نام، تاریخ پیدائش وغیرہ) آفس میں مہیا کیے جائیں۔

2۔ والدین اور انتظامیہ کے درمیان رابطہ کے لئے ڈائری انتہائی ضروری ہے۔ڈائری پر اپنے گھر کے دو افراد کے درست فون نمبر ضرور درج کریں اور فون نمبر تبدیلی کی صورت میں سکول انتظامیہ کو ضرور مطلع کریں اور ڈائری پر بھی اندراج کریں۔ڈائری پر لکھے نوٹ کا بروقت جواب دیں۔تاکہ وقت کے ضیاع سے بچا جا سکے اور ڈائری کا پہلا Page ضرور مکمل کریں۔

3۔ برائے مہربانی گھر آتے ہی بچے کا سکول بیگ ضرور چیک کریں۔بچے کی ذاتی سٹیشنری کے علاوہ کچھ برآمد ہونے کی صورت میں سکول سے رابطہ کریں۔

4۔ بچوں کی کتابیں جلد اور کاپیاں کور کروائیں۔برائے مہربانی ایک جلد میں ایک ہی کتاب کروائیں تاکہ استعمال میں آسانی ہو( جو ہو گئی ہیں ان کو اب الگ نہ کریں)۔

5۔ پلے گروپ کے والدین بچے کا ایک اضافی یونیفارم سکول انتظامیہ کو ضرور جمع کروائیں (خاص طور پر پینٹ/پاجامہ)۔ٹشو پیپرز اور Wipes کا ایک پیک بھی جمع کروائیں۔

6۔ بچے کی صحت وصفائی، بہتر دینی و دنیاوی تعلیم کے حوالے سے درج ذیل عوامل کا باقاعدگی سے خیال رکھیں:

1۔ روزانہ دانتوں کو برش کرنا۔ 2۔ روزانہ صاف ستھرا اور استری شدہ یونیفارم اور صاف جرابوں کا استعمال کرنا۔ 3۔ جوتے پالش ہونا۔ 4۔ موسم گرما میں روزانہ جبکہ موسم سرما میں ہفتے میں کم از کم ایک بار غسل لینا۔ 5۔ روزانہ ناخن صاف کرنا اور ہر جمعہ کو تراشنا۔ 6۔ لڑکیوں کے بال صاف اور سادگی سے بندھے ہوئے جبکہ لڑکوں کے بال تراشے ہوں۔ 7۔ صفائی کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے بچوں کو بیگ میں رومال یا ٹشو پیپر ضرور دیں۔ 8۔ متوازن غذا کا استعمال کرنا۔ 9۔ صحت مند ناشتہ کروا کے بھیجنا۔ 10۔ لنچ باکس کا استعمال کرنا۔ 11۔ غذائیت سے بھرپور لنچ ساتھ ضرور دینا۔ 12۔ موسم اور بچے کی صحت کے مطابق مناسب احتیاطی تدابیر کرنا۔ 13۔ بچے کی طبیعت زیادہ خراب ہونے کی صورت میں سکول نہ بھیجیں فوری ڈاکٹر سے معائنہ کروائیں۔ 14۔ بچے کو حاضری کا پابند بنانا۔ 15۔ کلاس ورک اور ہوم ورک باقاعدگی سے یاد کروانا اور لکھوانا۔ 16۔ سکول کی طرف سے دیے گئے کام کو اچھے سے مکمل کروانا مثلاً چھٹیوں کا کام، ہوم ورک، کلاس ٹیسٹ، امتحان وغیرہ۔ 17۔ بچے کی سکول ڈائری اور کاپیوں کو باقاعدگی سے دیکھنا۔ 18۔ بچے کو وقت پر سکول لانا اور لے جانا۔ 19۔ آداب گفتگو اور کھانا کھانے کے آداب۔ 20۔ باقاعدگی سے نماز اور قرآن کی تعلیم دلوائیں۔ 21۔ ضروری دعائیں، چھوٹی مگر مختصر سورتیں زبانی یاد کروائیں۔

7۔ سکول بیگ میں تدریسی کتابوں کے علاوہ غیر ضروری اشیاء مثلاً کھلونے، گھریلو اشیاء، موبائل فون، جیولری وغیرہ سکول بیگ میں نہیں ہونے چاہیے۔بیگ چیکنگ کے دوران برآمد ہونے والی اشیاء کی صورت میں سکول انتظامیہ واپسی کی مجاز نہ ہی گمشدگی کی ذمہ دار ہوگی۔

8۔ اپنے بچے کے وقت کو قیمتی جانتے ہوئے برائے مہربانی سکول انتظامیہ کی طرف سے مقرر کردہ اوقات کار میں تشریف لائیں۔

9۔سکول انتظامیہ کی طرف سے بچوں کے رزلٹ یا اُن کی کارکردگی کے متعلق ترتیب دی گئی Parents Teacher Meeting(PTM) میں ضرور شامل ہوں۔اگر کسی وجہ سے شامل نہ ہو پائیں تو برائے مہربانی ایسی صورت میں سکول انتظامیہ سے رابطہ کریں تاکہ ضروری معلومات آپ تک بروقت پہنچائی جا سکیں۔

10۔ بچے کی بہتر کردار سازی کے لئے وقتاً فوقتاً سکول انتظامیہ سے رابطہ میں رہیں اور اپنی قیمتی آراء سے نوازتے رہیں۔برائے مہربانی بچے یا ادارے سے متعلق کسی بھی قسم کی معلومات کے لئے متعلقہ سیکشن ہیڈ سے ملاقات کریں

11۔ سکول کے نمبر سے آنے والی کال کو فوراً اُٹھائیں بصورت دیگر جتنا جلدی ممکن ہو سکے آفس نمبر پر رابطہ کریں۔

12۔ فون پر رابطہ کے لئے آفس میں استعمال شدہ فون نمبر کو ڈائل کریں۔اکاؤنٹ منیجر سے معلومات کے لئے 05827-435333 ڈائل کریں۔بچے کی پڑھائی اور دیگر معلومات دینے اور لینے کے لئے 03452608707، 05827-960032 ڈائل کریں دیگر ذرائع سے حاصل ہونے والی معلومات قابل قبول نہیں ہوں گی۔

13۔ فیس طے ہو جانے کے بعد کسی قسم کی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔نہ ہی فیس میں کسی قسم کی چھوٹ یا رعایت دی جائے گی۔

14۔ فیس کا چالان بچے کو نیا ماہ شروع ہونے سے پہلے دیا جاتا ہے۔یکم تاریخ تک چالان نہ ملنے کی صورت میں اکاؤنٹ منیجر سے رابطہ کریں۔

15۔ برائے مہربانی بچے کی فیس، پیپر فنڈ، بورڈ فنڈ مقرر کردہ تاریخ میں جمع کروائیں۔بچے کی فیس وقت پر جمع نہ کروانے کی صورت میں جرمانہ بھرنا پڑے گا۔نیز دو ماہ تک فیس جمع نہ ہونے کی صورت میں انتظامیہ کسی قسم کی نرمی کی روادار نہ ہوگی۔

16۔ سکول فیس چالان ملتے ہی دس دن کے اندر فیس جمع کروالی جائے۔دس دن کے بعد اگلے دس دن تک جرمانہ اور اس سے اگلے دس دن میں مزید جرمانہ کے ساتھ فیس جمع ہوگی۔

17۔ بچے کی بہتر تعلیم کے لئے اس کا باقاعدگی سے سکول آنا ضروری ہے۔غیر حاضری کی صورت میں والدین بروقت سکول اطلاع دیں اور درخواست جمع کروائیں۔

18۔ وقت کی پابندی ایک ضروری عمل ہے۔اس لئے بچوں کا وقت پر آنا نہایت ضروری ہے۔مسلسل دیر سے آنے والے طالبعلم کو تین مرتبہ وارننگ بذریعہ ڈائری دینے پر بھی دیر سے آنا جاری رہا تو 50 روپے جرمانہ ماہانہ فیس میں ڈال دیا جائے گا۔

# دی پیراگون سکول اینڈ کالج آف سائنسز میرپور

**محترم والدین اسلام علیکم!**

**معلوماتی نوٹ نمبر:2**

**تاریخ:2جولائی 2021**

ادارہ ھذا اپنے طلباء کی تعلیمی بہتری اور تربیت کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہے۔ طلباء کی تعلیمی بہتری اور تربیت کے معیار کو بہتر بنانے میں بچے کی غیر حاضری بڑی رکاوٹ ہے مشاہدے میں آیا ہے۔کہ خراب نتائج کی وجہ کثرت غیر حاضری ہے۔غیر حاضری کی روک تھام کے لئے انتظامیہ ادارہ نے درج ذیل قوانین وضع کیے ہیں۔ جن پر آئندہ سختی سے عمل درآمد ہوگا۔

1: کسی طالب علم کا بغیر مطلع کیئے چھٹی کرنے پر 50 روپے جرمانہ ہوگا۔دو ایام مسلسل غیر حاضری کی صورت میں مبلغ 200 فی یوم جرمانہ ادا کرے گا۔

2: ماہانہ فیس چالان بذریعہ Fee managment Software پرنٹ ہو رہے ہیں۔ برائے مہربانی فیس کی بروقت ادائیگی کریں، چالان گم ہونے کی صورت میں نیا چالان جاری نہ ہو سکے گا۔اور بوائز کیمپس میں واقع ادارہ کے اکاؤنٹ آفس میں جمع کروائیں۔

3: برائے مہربانی اپنے بچوں کے تمام بقایا جات اور ماہانہ فیس ہر مہینے کی 10 تاریخ تک ادا کر کے شکریہ کا موقع دیں۔

4: بچے کی بیماری یا دیگر کسی ایمرجنسی کی صورت میں درج ذیل نمبرات پر اطلاع دیں صرف والدین کے نمبرات سے اطلاع کی صورت میں چھٹی دی جائے گی۔

1: جونیئر سیکشن (پلے گروپ تا ہفتم) 03452608707 : 05827960032     2: اکاؤنٹ اینڈ ایڈمن آفس 05827435333

3: ہائی سیکشن ( 8th تا 10th) 05827435333 : 03459054697

4: کالج سیکشن(1st Year تا 2nd year) 05827435333 : 05827960032

براہ مہربانی درج بالا گزارشات کے حوالے سے تعاون فرما کر اپنے بچے/بچی کی بہتر تعلیم و تربیت میں ہمارا ساتھ دیں۔شکریہ

**آپ کے تعاون کا طلبگار**

**پرنسپل دی پیراگون سکول اینڈ کالج آف سائنسز**

# دی پیرا گون سکول اینڈ کالج آف سائنسز میرپور

معززوالدین السلام علیکم! معلوماتی نوٹ نمبر:۳ تاریخ:۹ جولائی ۲۰۲۱ء

آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ موسم گرما کی تعطیلات مورخہ ۱۱ جولائی ۲۰۲۱ء بروز اتوار سے ۱۰ اگست ۲۰۲۱ء بروز جمعرات تک ہو رہی ہیں۔

P.T.M مورخہ ۱۲ جولائی ۲۰۲۱ء بروز سوموار صبح نو بجے سے گیارہ بجے تک ہوگی۔تعطیلات کا کام P.T.M میں دیا جائے گا۔

۱۔گرمیوں کی چھٹیوں کے کام کی کچھ معلوماتی سرگرمیاں ترتیب دی ہیں۔

۲۔تعطیلات کے کام کے لیے مکمل کتابچہ ترتیب دیں۔

۳۔تعطیلات کے دوران طلباء کو پڑھائی کے ساتھ جوڑے رکھنا آپ والدین کی ذمہ داری ہے۔

۴۔فرصت کے اوقات کے لیے بچوں کو کوئی مشغلہ دیجیے۔مثلا برسات میں شجرکاری مہم چلایئے۔اگر ممکن ہو سکے تو پڑوس کے بچوں کو بھی اس میں شامل کر لیں۔تھوڑی سی کوشش سے سرکاری نرسریوں سے مفت پودے بھی حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

۵۔ بچیوں کے لیے ان چھٹیوں میں گھریلو دستکاری وغیرہ سیکھنے کا اہتمام کیا جانا چاہیے۔

۶۔روزانہ کا ٹائم ٹیبل بنائیں۔اگر ٹائم ٹیبل نہ بنایا گیا تو ہو سکتا ہے کہ بچے سخت دھوپ اور گرمی کے اوقات میں باہر پھرتے رہیں۔اور شام کو گھر بیٹھے ٹی وی یا کمپیوٹر سے لطف اندوز ہوتے رہیں۔

۷۔وہ بچے اپنی تعلیم بہتر طور پر حاصل کر پاتے ہیں جنہیں والدین کا تعاون حاصل رہتا ہے۔

۸۔روزانہ کچھ وقت اپنے بچوں کو ضرور دیجیے ایسا وقت جب ٹی وی، کمپیوٹر بند ہو بچے صرف آپ سے باتیں کریں اور آپ بچوں سے۔

۹۔ان تعطیلات میں یہ کام کر کے دیکھیے، یقیناً آپ کو حیرت انگیز نتائج ملیں گے اسی طرح سے کوئی ایک کھانا ضرور بچوں کے ساتھ کھانے کی عادت اپنایئے۔

مزید معلومات یا راہنمائی کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔


فون نمبر ادارہ ھذا 05827435333,03420083434,05827960032

Whatsapp# 03452608707،Email: paragon.collegeofsciences@gmail.com